THE HANS INDIA

**Social Media demands etiquettes: Satish Jacob**

THE HANS INDIA | Mar 06,2019 , 08:18 PM IST

**Hyderabad:** Social Media tools are nothing short of a boon to the whole concept of news creation & dissemination but at the same time it demands a word of caution by the user. Experts of Mass Communication and Journalism expressed these views today during the inaugural of 3 day Workshop "Usages of Social Media Tools for Future Media" organized by the Department of Mass Communication & Journalism, Maulana Azad National Urdu University.

Eminent Broadcast Journalist Satish Jacob, lamented the present state of affairs of Media, which according to him has nosedived in recent times, after setting high bench marks in pre & post independence era. He advised the users of Social Media to show "Adab" (Etiquette) while expressing their points of view.

Social media has gained so much prominence off late, should be a learning platform for budding journalists, he opined. He told the future journalists to uphold the truth and not to twist the facts.

Dr. Mohammad Aslam Parvaiz, Vice-Chancellor in his presidential address described social media as a combination of various dreams. It has provided from the camera and to all the related technologies at your finger tips, but its usage demands restrain & self control, he advised.

This is an excellent opportunity to become a journalist. Dr. Aslam Parvaiz, exhorted the students to abhor hate mangling comments. Bigotry can be conquered only by love & service, he remarked.

Pankaj Pachori, Senior Journalist & Editor GO News, asked the students to make proper use of this Workshop. He also expressed dismay over the state of present media but instead of mere crying foul, we need to rectify the fault, he suggested. If you are not satisfied with something, then don't just sit, do something to improve the situation.

Senior Urdu journalist, Syed Vicaruddin, Editor-in-Chief, Urdu Daily Rehnuma-e-Deccan, Hyderabad was felicitated in absentia for his outstanding services towards Urdu Journalism. Dr. Mir Akber Ali Khan, Associate Editor, Rehnuma-e-Deccan, received the memento on his behalf and read out his message.

Audio Visual news stories by students of MCJ were also screened and appreciated.

Earlier, Prof. Ehtesham Ahmad Khan, Head of Department & Dean welcomed the guests and spoke about the aims and objectives of Workshop. Prof. Mohammad Fariyad conducted the proceedings. Mohd. Taher Qureshi, Assistant Professor proposed vote of thanks. Sadhika Tiwari, Social Media expert was also present. Later first ever Parent/Guardian meeting was organized at the Department.

THE HANS INDIA

## Use social media tools responsibly: Experts

THE HANS INDIA | Mar 06,2019 , 01:16 AM IST



**Gachibowl**: "Social media tools are nothing short of a boon to the whole concept of news creation and dissemination but, at the same time it demands a word of caution by the user." Experts of Mass Communication & Journalism expressed these views during the inaugural of 3-day workshop 'Usages of Social Media Tools for Future Media' organised by the Department of Mass Communication & Journalism, Maulana Azad National Urdu University (MANUU) on Tuesday.

Popular broadcast journalist Satish Jacob said that the present state of affairs of media has nosedived in recent times after setting high bench marks in pre- and post-independence era. He advised the users of social media to show 'Adab' (Etiquette) while expressing their points of view.

Social media has gained so much prominence off late, should be a learning platform for budding journalists, he opined. He told the future journalists to uphold the truth and not to twist the facts.

Dr Mohammad Aslam Parvaiz, Vice-Chancellor, in his presidential address described social media as a combination of various dreams. It has provided from the camera and to all the related technologies at your finger tips, but its usage demands restraint and self-control, he advised. This is an excellent opportunity to become a journalist, he added.

Dr Aslam Parvaiz exhorted the students to abhor hate-mongering comments. Bigotry can be conquered only by love and service, he remarked.

Pankaj Pachori, senior journalist & editor of GO News, asked the students to make proper use of this workshop. He also expressed dismay over the state of present media, “but, instead of mere crying foul, we need to rectify the fault.” “If you are not satisfied with something, then don’t just sit, do something to improve the situation,” he added. Senior Urdu journalist, Syed Vicaruddin, Editor-in-Chief of Urdu daily Rehnuma-e-Deccan, Hyderabad, was felicitated in absentia for his outstanding services to Urdu journalism. Dr Mir Akber Ali Khan, Associate Editor, Rehnuma-e-Deccan, received the memento on his behalf and read out his message.

Audio Visual news stories by students of MCJ were also screened.

THE HANS INDIA

**National seminar on contribution of Madarsas today at MANUU**

THE HANS INDIA | Mar 05,2019 , 08:23 PM IST



**Hyderabad:** Department of Persian , Maulana Azad National Urdu University (MANUU) in collaboration with National Council for Promotion of Urdu Language (NCPUL), New Delhi, is organizing two day national seminar on 6th and 7th March on the theme “The Contribution of Madarsas in Promotion of Indian Culture, Civilization, Science & Arts (With Reference to Persian, Arabic and Urdu Literature)”.

The inaugural session will be held on March 6 at Library auditorium at 10.30 am.

Maulana Khaleel Ahmed, Vice-Chancellor, Jamiz Nizamia will be the chief guest and Dr. Mohammad Aslam Parvaiz, Vice-Chancellor will preside over the inaugural session. Prof. Hasan Abbas, Director, Raza Library, Rampur will deliver keynote address.

Shah Nawaz Qasim, IPS, CEO, Telangana Wakhf Board, Raheemuddin Ansari, Chairman, Telangana Urdu Academy, Maulana Khaled Saifullah Rehmani, Vice-Chancellor, Al-Mahad Al-Aali, Dr. Rizwana Zareen, Principal, Jamiatul Muminath, Hyderabad and Hujatul Islam Dr. Syed Nisar Hussain, Member of Telangana Wakhf Board will be the guests of honour.

# سوشیل میڈیا کے ذریعہ نفرت کا جواب محبت سے دینے کی تلقین

6 MAR 2019

رہنمائے دکن

## مانو میں سوشیل میڈیا کے تربیتی ورکشاپ کا افتتاح۔ ڈاکٹر اسلم پرویز، ستیش جیکب، پنکج پچوری کی مخاطبت۔ جناب وقارالدین کا پیغام




مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبہ ترسیل عامہ وصحافت کے زیر اہتمام سوشیل میڈیا پر 3 روزہ ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس میں ستیش جیکب، مسٹر پنکج پچوری، ڈاکٹر اسلم پرویز، صادقہ تیواری، الیاس بخاری،، پروفیسر احتشام احمد خان، ڈاکٹر سید فاضل حسین پرویز، سید خالد شہباز اور عبداللہ خان، ڈاکٹر فریاز، کاظم الٰہی اور ذیشان۔ (فوٹو علیم اسٹائیل)

حیدرآباد، 5 ر مارچ (پریس نوٹ) جب روایتی میڈیا غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کررہا ہے ایسے میں سوشل میڈیا فرقہ پرستی کا مقابلہ کرنے میں ہر اول دستہ کا رول ادا کرسکتا ہے اور یہ ذمہ داری ہر فرد ادا کرسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، وائس چانسلر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے آج شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت کے سہ روزہ ورکشاپ ''مستقبل کی صحافت میں سوشل میڈیا ذرائع کا استعمال'' کے افتتاحی اجلاس میں صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے طلبائے صحافت پر زور دیا کہ وہ انہیں دستیاب ٹیکنالوجی کا پوری ذمہ داری سے استعمال کریں اور احتیاط کا دامن ہمیشہ تھامے رکھیں اور خاص کر سوشل میڈیا کو نفرت کا جواب محبت سے دینے کا وسیلہ بنالیں۔

ممتاز صحافی جناب پنکج پچوری، بانی ایڈیٹر ان چیف، گو نیوز، نئی دہلی نے کہا کہ غیر ذمہ دارانہ صحافت کا جواب صرف ذمہ داری کے ساتھ ہی دیا جاسکتا ہے اور صحافیوں کو ان کی ذمہ داریوں کی یاد دہانی کروائی جانی چاہیے۔ جناب پنکج پچوری اس سہ روزہ ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس میں بطور مہمانِ اعزازی اظہار خیال کررہے تھے۔ ایک اور مہمان اعزازی سینئر براڈکاسٹر صحافی جناب ستیش جیکب تھے۔ انہوں نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ حالیہ دنوں میں میڈیا نے معیار میں زبردست انحطاط آیا ہے۔ سوشل میڈیا کو بڑی ذمہ داری کے ساتھ استعمال کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے ستیش جیکب نے کہا کہ میڈیا کو ہمیشہ سچ کی ترجمانی کرنی ہوگی۔ قبل ازیں سہ روزہ تربیتی ورکشاپ کی افتتاحی تقریب کو مخاطب کرتے ہوئے ورکشاپ کے کنوینر صدر و ڈین شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت پروفیسر احتشام احمد خان نے کہا کہ وہ شہر حیدرآباد میں گذشتہ 18 برسوں سے مقیم ہیں۔ یہاں کے لوگوں کے خلوص سے وہ بے حد متاثر ہیں اور اسے فراموش نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کے ورکشاپ کے انعقاد کا مقصد طلبائے صحافت کو آنے والے چیالنجس کا سامنا کرنے کے لیے تیار کروایا جائے۔ پروفیسر احتشام احمد خان نے کہا کہ شعبۂ ترسیل عامہ و صحافت اب ایک تناور درخت کی شکل اختیار کرچکا ہے اور اس ضمن میں اولیائے طلبہ شعبہ ترسیل عامہ وصحافت کا بھی ایک اجلاس طلب کیا گیا ہے تاکہ ان کے مشوروں کو بھی شعبہ کی ترقی کے لیے استعمال کیا جاسکے۔ آج کے افتتاحی پروگرام میں شہر حیدرآباد کے بزرگ اردو صحافی جناب سید وقارالدین، ایڈیٹر ان چیف روزنامہ رہنمائے دکن کو بطور خاص تہنیت پیش کی گئی۔ ان کے غیاب میں ڈاکٹر میر اکبر علی خان، اسوسی ایٹ ایڈیٹر رہنمائے دکن نے ان کا مومنٹو قبول کیا اور ان کا پیام پڑھ کر سنایا۔ انہوں نے رہنمائے دکن کا تاریخی حوالوں سے ذکر کیا۔ جناب سید وقارالدین کے بیرونی دوروں اور انڈو۔عرب لیگ کی سرگرمیوں کے متعلق بھی معلومات فراہم کیں۔ جناب سید وقارالدین نے اپنے پیغام میں کہا کہ پرنٹ اور الکٹرانک میڈیا کی جانبداری حقائق کی پردہ پوشی کی وجہ سے سوشیل میڈیا کی مقبولیت میں اضافہ ہورہا ہے۔ یہ آج کا اور آنے والے کل کا میڈیا ہے جس پر کسی کی اجارہ داری نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج میڈیا کے لئے سب سے بڑا چیلنج عوامی اعتماد کی بحالی ہے۔ اور یہ ذمہ داری نوجوان صحافیوں پر عائد ہوتی ہے کہ وہ دیانت داری، حق گوئی، فرض شناسی کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑے۔ اچھا صحافی ظلم کو روک سکتا ہے' بدعنوانی اور کرپشن کے خلاف آواز اٹھا سکتا ہے' مظلوم کو انصاف دلاسکتا ہے اور ہندوستان کی سیکولر کردار، گنگا جمنی تہذیب، دستور کے تقدس کو برقرار رکھ سکتا ہے۔ اس موقع پر شہ نشین پر محترمہ سادھیکا تیواری، ملٹیمیل میڈیا پروفیشنل، نئی دہلی بھی موجود تھیں۔ افتتاحی تقریب میں بی اے اور ایم اے ایم سی جے کے طلبہ کی تیار کردہ نیوز اسٹوریز بھی دکھائی گئیں جنہیں کافی پسند کیا گیا۔ ابتداء میں جناب سید وقارالدین پر بھی مختصر ڈاکیومنٹری دکھائی گئی۔ ڈاکٹر میر اکبر علی خان نے سلطان العلوم ایجوکیشنل سوسائٹی کے رکن کی حیثیت سے جناب ظفر جاوید، نائب صدر نشین و اعزازی سکریٹری سوسائٹی کا مومنٹو بھی حاصل کیا۔ پروفیسر محمد فریاد، شعبہ ایم سی جے نے افتتاحی پروگرام کی کارروائی چلائی۔ پروگرام کا آغاز نوشاد علی کی قرأت کلام پاک سے ہوا۔ جناب طاہر قریشی، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ ترسیل عامہ وصحافت نے شکریہ ادا کیا۔ پروگرام کے آخر میں ورکشاپ کے اسپانسرس کو مومنٹوز بھی پیش کیے گئے۔ فریڈم پریس کے سوشیل میڈیا ٹی وی چینل کا افتتاح جناب ستیش جیکب کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس موقع پر ایڈیٹر جناب عبداللہ خان بھی موجود تھے۔ جناب فاضل حسین پرویز، ایڈیٹر گواہ، جناب سید خالد شہباز، سی ای او میڈیا پلس، جناب جمیل احمد، فریڈم پریس اور دوسروں نے افتتاحی اجلاس میں شرکت کی۔ افتتاحی اجلاس کے بعد ایم سی جے کے سمینار ہال میں اولیائے طلبہ اور شعبہ کے اساتذہ کا اولین اجلاس منعقد کیا گیا۔ سابق طلبہ اور موجودہ طالب علموں کے والدین وسرپرستوں نے شرکت کی۔

RD

سیاست

1-6 MAR 2019

# حالات وواقعات سے بروقت آگہی کے لیے عوام کی بڑھتی دلچسپی

## انگریزی روزنامہ دی فریڈم پریس کا پرنٹ ایڈیشن کے بعد "دی فریڈم پریس ٹی وی" کا آغاز



حیدرآباد:5مارچ (پریس نوٹ) دور جدید کے تقاضوں سے خودکوہم آہنگ کرتے ہوئے مسٹر محمد عبداللہ خان ایڈیٹر انگریزی روزنامہ دی فریڈم پریس نے سوشیل میڈیا کے ڈیجیٹل میدان میں قدم رکھا۔ملک کے نامورصحافیوں مسٹر ستیش جیکب سابق بیوروچیف بی بی سی دہلی،مسٹر پنکج پچوری ایڈیٹران چیف "گونیوز دہلی" نے آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں سوشیل میڈیا پر منعقدہ ورکشاپ میں دی فریڈم پریس ٹی وی کا افتتاح کیا۔اس موقع پر مسٹر محمد عبداللہ خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حالات وواقعات سے بروقت واقفیت کے لئے عوام کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کو دیکھتے ہوئے انگریزی روزنامہ دی فریڈم پریس نے اپنی اشاعت کے چوتھے سال میں سوشیل میڈیا کے ذریعہ عوام کوتازہ ترین واقعات خبروں کے علاوہ سیروتفریح، سائنسی معلومات، کھیل کود کی خبریں (اسپورٹس)، کیریئر گائیڈنس، سیاسی تبصروں کے علاوہ زندگی کے ہر شعبہ حیات سے تعلق رکھنے والے عنوانات پر پروگرامس پیش کرے گا۔انہوں نے کہا کہ دی فریڈم پریس کی ٹیم اور وہ اس بات کی کوشش کریں گے کہ ملک میں ہونے والے حالات وواقعات کے حقائق کو منظر عام پر لایا جائے۔مولانا آزاد اردو یونیورسٹی میں منعقدہ اس ورکشاپ میں جرنلزم کے طلباء وطالبات کے علاوہ ڈاکٹر میر اکبر علی خان اسوسی ایٹ ایڈیٹر روزنامہ رہنمائے دکن، گونیوز دہلی کی سینئر کرسپانڈنٹ سادھیکا تیواری، ڈاکٹر سید فاضل حسین پرویز ایڈیٹر ہفت روزگواہ، الیاس بخاری (محمد کیاپ مارکٹ)، مسٹر خالد شہباز سی ای او میڈیا پلس، محمد عبدالرحمن خان منیجنگ ایڈیٹر دی فریڈم پریس، ڈاکٹر سید حبیب امام قادری اور ٹی وی ٹیم کے ارکان میں مسز یٰسین خان، مجاہد محی الدین، وکاس کے علاوہ دیگر اہم شخصیات موجود تھیں۔اس سہ روزہ ورکشاپ کی صدارت مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر اسلم پرویز نے کی دی فریڈم پریس انتظامیہ کی جانب سے پروفیسر احتشام احمد خان اور پروفیسر ڈاکٹر فریاد کا شکریہ ادا کیا۔ جنہوں نے افتتاحی تقریب کی انجام دہی میں تعاون کیا۔

S

رہنمائے دکن

# حالات وواقعات سے بروقت آگہی کیلئے عوام کی بڑھتی دلچسپی

## انگریزی روزنامہ دی فریڈم پریس کا پرنٹ ایڈیشن کے بعد ''دی فریڈم پریس ٹی وی'' کا آغاز



حیدرآباد:5؍مارچ (پریس نوٹ) دور جدید کے تقاضوں سے خودکوہم آہنگ کرتے ہوئے مسٹر محمد عبداللہ خان ایڈیٹر انگریزی روزنامہ دی فریڈم پریس نے سوشیل میڈیا کے ڈیجیٹل میدان میں قدم رکھا۔ملک کے نامور صحافیوں مسٹر ستیش جیکب سابق بیوروچیف بی بی سی دہلی، مسٹر پنکج پچوری ایڈیٹران چیف ''گونیوز دہلی'' نے آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں سوشیل میڈیا پر منعقدہ ورکشاپ میں دی فریڈم پریس ٹی وی کا افتتاح کیا۔اس موقع پر مسٹر محمد عبداللہ خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حالات وواقعات سے بروقت واقفیت کے لئے عوام کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کو دیکھتے ہوئے انگریزی روزنامہ دی فریڈم پریس نے اپنی اشاعت کو چوتھے سال میں سوشیل میڈیا کے ذریعہ عوام کوتازہ ترین واقعات خبروں کے علاوہ سیروتفریح، سائنسی معلومات، کھیل کود کی خبریں (اسپورٹس)، کیریئر گائیڈنس، سیاسی تبصروں کے علاوہ زندگی کے ہر شعبہ حیات سے تعلق رکھنے والے عنوانات پر پروگرامس پیش کرے گا۔انہوں نے کہا کہ دی فریڈم پریس کی ٹیم اور وہ اسی بات کی کوشش کریں گے کہ ملک میں ہونے والے حالات وواقعات کے حقائق کو منظر عام پر لایا جائے۔مولانا آزاد اردو یونیورسٹی میں منعقدہ اس ورکشاپ میں جرنلزم کے طلباء وطالبات کے علاوہ ڈاکٹر میر اکبر علی خان اسوسی ایٹ ایڈیٹر روزنامہ رہنمائے دکن، گونیوز دہلی کی سینئر کرسپانڈنٹ سادھیکا تیواری، ڈاکٹر سید فاضل حسین پرویز ایڈیٹر ہفت روزگواہ، الیاس بخاری (محمد کیاپ مارکٹ)، مسٹر خالد شہباز سی ای او میڈیا پلس، محمد عبدالرحمن خان منیجنگ ایڈیٹر دی فریڈم پریس، ڈاکٹر سید حبیب امام قادری اور ٹی وی ٹیم کے ارکان میں مسز یٰسین خان، مجاہد محی الدین، وکاس کے علاوہ دیگر اہم شخصیات موجود تھیں۔اس سہ روزہ ورکشاپ کی صدارت مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر اسلم پرویز نے کی دی فریڈم پریس انتظامیہ کی جانب سے پروفیسر احتشام احمد خان اور پروفیسر ڈاکٹر فریاد کا شکریہ ادا کیا۔جنہوں نے افتتاحی تقریب کی انجام دہی میں تعاون کیا۔

RD

Sakshi
6 MAR 2019

# సోషల్ మీడియా ఒక వరం




సతీశ్ జాకబ్‌ను సత్కరిస్తున్న వీసీ అస్లామ్ పర్వేజ్

- సక్రమంగా, సంయమనంతో వినియోగించాలి
- ప్రముఖ జర్నలిస్ట్ సతీశ్ జాకబ్

రాయదుర్గం: ప్రస్తుత ప్రపంచంలో సోషల్ మీడియా ఒక వరం లాంటిదని, అయితే దాన్ని సక్రమంగా, సంయమనంతో వినియోగించాలని ప్రముఖ జర్నలిస్ట్ సతీశ్ జాకబ్ సూచించారు. సోషల్ మీడియా వినియోగదారులు మర్యాదకు ప్రాధాన్యం ఇవ్వాలన్నారు. గచ్చిబౌలిలోని మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయం (మనూ)లో డిపార్ట్‌మెంట్ ఆఫ్ మాస్ కమ్యూనికేషన్ అండ్ జర్నలిజం ఆధ్వర్యంలో 'యూసెజెస్ ఆఫ్ సోషల్ మీడియా టూల్స్ ఫర్ ఫ్యూచర్ మీడియా' అనే అంశంపై మూడు రోజుల పాటు నిర్వహించనున్న వర్క్‌షాప్ మంగళవారం ప్రారంభమైంది. ఈ సందర్భంగా సతీశ్ జాకబ్ మాట్లాడుతూ... ఒకప్పుడు సామాన్యులకు వార్తలు చేరాలంటే గగనంగా ఉండేదన్నారు. కానీ ప్రస్తుత సోషల్ మీడియా యుగంలో క్షణాల్లో ఎక్కడేం జరిగినా తెలిసిపోతుందన్నారు. ఈ నేపథ్యంలో సోషల్ మీడియాకు ప్రాధాన్యం ఏర్పడిందన్నారు. సోషల్ మీడియా జూనియర్ పాత్రికేయులకు ఒక అభ్యాసన కేంద్రమన్నారు. మనూ వీసీ డాక్టర్ అస్లామ్ పర్వేజ్ మాట్లాడుతూ... సోషల్ మీడియా వినియోగంలో స్వీయ నియంత్రణ అవసరమన్నారు. సాంకేతిక పరిజ్ఞాన్ని సక్రమంగా వినియోగించుకోవాల్సిన అవసరం ఉందన్నారు. సోషల్ మీడియా భావి పాత్రికేయులకు అద్భుతమైన అవకాశమన్నారు. సీనియర్ జర్నలిస్ట్ పంకజ్ పచోరి మాట్లాడుతూ... పాత్రికేయ వృత్తిలోకి రావాలని అనుకునేవారు ఇలాంటి వర్క్‌షాప్‌లను సద్వినియోగం చేసుకోవాలన్నారు. ఈ కార్యక్రమంలో రెహనుమా డెక్కన్ ఎడిటర్ ఇన్ చీఫ్ సయ్యద్ వికారుద్దీన్, అసోసియేట్ ఎడిటర్ మీర్ అక్బర్ అలీఖాన్, డిపార్ట్‌మెంట్ హెడ్ ప్రొఫెసర్ ఎత్తేశ్యామ్ అలీఖాన్, ప్రొఫెసర్లు మహ్మద్ ఫరియాద్, మహ్మద్ తాహెర్ ఖురేషి తదితరులు పాల్గొన్నారు.

راشٹریہ سہارا

6 MAR 2019

سیاست

## ہندوستانی تہذیب کے فروغ میں مدارس کے حصہ پر قومی سمینار آج

حیدرآباد (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں شعبۂ فارسی کے زیر اہتمام اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے اشتراک سے 2 روزہ قومی سمینار "ہندوستانی تہذیب وثقافت اور علوم وفنون کے فروغ میں مدارس کا حصہ (فارسی، عربی اور اردو ادبیات کے تناظر میں)" کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، صدر شعبۂ فارسی کے بموجب افتتاحی اجلاس 6/ مارچ کو صبح 10:30 بجے، لائبریری آڈیٹوریم میں منعقد ہوگا۔ افتتاحی اجلاس میں جناب سید خسرو پاشاہ، چانسلر، بندہ نواز یونیورسٹی، گلبرگہ وسجادہ نشین درگاہ خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ اور شیخ الجامعہ، جامعہ نظامیہ، مولانا مفتی خلیل احمد بحیثیت مہمانِ خصوصی شرکت کریں گے۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، وائس چانسلر، مانو صدارت کریں گے۔ پروفیسر حسن عباس، ڈائرکٹر رضا لائبریری، رامپور کلیدی خطبہ دیں گے۔ شاہنواز قاسم، آئی پی ایس، سی ای او تلنگانہ وقف بورڈ، حیدرآباد؛ رحیم الدین انصاری، صدر نشین تلنگانہ اردو اکیڈیمی؛ سید نثار حسین حیدر آقا، مفتیہ رضوانہ زرین، پرنسپل، جامعۃ المومنات، حیدرآباد مہمانانِ اعزازی ہوں گے۔

RS

## مدارس کے کردار پر آج سمینار

حیدرآباد، 5 / مارچ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں شعبۂ فارسی کے زیر اہتمام اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے اشتراک سے 2 روزہ قومی سمینار "ہندوستانی تہذیب، ثقافت اور علوم وفنون کے فروغ میں مدارس کے حصہ (فارسی، عربی اور اردو ادبیات کے تناظر میں)" کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، صدر شعبۂ فارسی کے بموجب افتتاحی اجلاس 6/ مارچ کو صبح 10:30 بجے، لائبریری آڈیٹوریم میں منعقد ہوگا۔ افتتاحی اجلاس میں مولانا مفتی خلیل احمد، شیخ الجامعہ، جامعہ نظامیہ، حیدرآباد بحیثیت مہمانِ خصوصی شرکت کریں گے۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، وائس چانسلر، مانو صدارت کریں گے۔ پروفیسر حسن عباس، ڈائرکٹر رضا لائبریری، رامپور کلیدی خطبہ دیں گے۔

S

TIMES OF INDIA

## Manuu seminar on madarassas

Maulana Azad National Urdu University, Department of Persian in collaboration with National Council for Promotion of Urdu Language, New Delhi, is organising a two-day national seminar on "The Contribution of Madarssas in Promotion of Indian Culture" on March 6 and 7. The inaugural session will be held at 10.30 am.

T